Alberta

نیوز ریلیز

البرٹا کا بہترین وصول کردہ صوبے کا سب سے بڑا اعزاز

19 اکتوبر، 2023ء میڈیا انکوائریز

البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس (Order of Excellence) کے ساتھ آٹھ غیر معمولی البرٹنز کو تسلیم کیا اور ان کا جشن منایا جا رہا ہے۔

"البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس ہمارے درمیان ان لوگوں کیلئے جشن منانے کا ایک موقع ہے جو ہمارے صوبے کو آگے بڑھانے کیلئے ایک پہل کار جذبہ اور حقیقی عزم لے کر آتے ہیں۔ آرڈر کے ممبران کے طور پر ان افراد کا خیر مقدم کرنا ایک خوشی کی بات ہے۔"

لیفٹینینٹ گورنر سلمیٰ لاکھانی (Salma Lakhani)

اس سال کے شامل شدہ افراد کی وجہ سے البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس کی کل ممبر شپ پچھلے 44 سالوں میں 212 تک پہنچ گئی ہے۔ البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس صوبے کا سب سے بڑا اعزاز ہے جو 1979ء میں قائم کیا گیا اور یہ کینیڈا کے اعزازی نظام کا ایک باضابطہ حصہ ہے۔

البرٹا کے نئے آرڈر آف ایکسیلینس کے ممبران مندرجہ ذیل ہیں:

- ایڈمنٹن کے **جِم کارٹر (Jim Carter)** کینیڈا کے تیل کی ریت میں اور ان کی پائیدار ترقی میں ایک بہت بڑے اور مثالی رہنما ہیں۔ نئی ٹیکنالوجیز کے ایک سلسلے کی اختراع کرکے، انہوں نے اس نئی صنعت کو تبدیل کر دیا، جس نے اسے زیادہ پیداواری اور ماحولیاتی لحاظ سے زیادہ پائیدار بنایا۔ انہوں نے قوم کیلئے ایک طاقتور اقتصادی انجن تعمیر کیا، ایک ہُنر مند افرادی قوت تشکیل دی اور مقامی لوگوں کیلئے مواقع پیدا کئے۔
- پریڈِس کے **میکس فورن (Max Foran)** ایک مشہور استاد، پروفیسر، مصنف، تاریخ دان، میڈیا کی شخصیت، عوامی اسپیکر اور جنگلی حیات کے ورکر ہیں جنہوں نے اپنی اصلی سوچ، گہرائی سے تحقیق اور متحرک نقطہ نظر سے طلباء، تاریخ دانوں اور روزمرہ کے البرٹنز کی نسلوں کو متاثر کیا ہے۔ وہ کیلگری، البرٹا اور ویسٹرن کینیڈا کی تاریخ کو البرٹنز کی نسلوں کیلئے زندہ کرنے کی خاطر گلینبو عجائب گھر (Glenbow Museum) کے آرکائیوز کی کان کنی کرنے والے پہلے لوگوں میں شامل تھے۔
- بریگ کریک کے **رائٹ آنرایبل اسٹیفن جے۔ ہارپر (The Right Honourable Stephen J. Harper)** ایک ماہرِ اقتصادیات، سیاستدان، مصنف اور کینیڈا کے 22 ویں وزیرِاعظم ہیں (2006ء - 2015ء)۔ انہوں نے پہلے سے منقسم دائیں بازو کو متحد کرکے جدید کنزرویٹو پارٹی آف کینیڈا میں تبدیل کیا اور کینیڈا کے سیاسی منظر نامے کو تبدیل کر دیا۔ انہوں نے مسلسل تین قومی انتخابات جِیتے، ایک دہائی کے پیچیدہ جغرافیائی سیاسی، اقتصادی اور سیکیورٹی کے چیلنجوں سے نمٹتے ہوئے کینیڈا کی قیادت کی، اور جمہوریت میں اثر و رسوخ کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

- کیلگری کے **جو لوکیکس (Joe Lukacs)** ایک انجینئر، کاروباری اور معلم ہیں جنہوں نے البرٹا کیلئے صاف و شفاف ہوا کے حصول کیلئے نئی ٹیکنالوجیز اورطریقہ کار کو ایجاد کیا، یہ ایک ایسا فائدہ ہے جو دنیا بھر میں پھیل چکا ہے۔ انہوں نے براہِ راست اور بالواسطہ طور پر البرٹا کی صنعتوں کی استعداد کارگزاری اور عالمی ماحولیات کی سلامتی کو بہتر بنایا۔ آج، وہ ماحولیاتی کاروباری افراد کی رہنمائی کرتے ہیں، اور البرٹا کے 500 سے زائد اختراع کرنے والوں کو اپنی صاف و شفاف ٹیکنالوجیز کو تجارتی بنانے میں مدد دے رہے ہیں۔
- کولڈ لیک کی **آڈری میک فارلین (Audrey McFarlane)** فیٹل الکوحل اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ایف اے ایس ڈی) کے خطرات کو اس وقت سامنے لائیں جب یہ ابھی بھی ایک خاموش معذوری تھی۔ انہوں نے ایف اے ایس ڈی سے تعلق رکھنے والی جدّوجہد سے عہدہ برا ہونے میں لاتعداد خاندانوں کی مدد کی ہے جبکہ وہ مؤثر طریقے سے ایف اے ایس ڈی کی وکالت، آگاہی، روک تھام، تشخیص، علاج اور تحقیق کو اپنی مقامی کمیونٹی سے قومی اور بین الاقوامی سامعین تک پہنچا چکی ہیں۔
- کیلگری کی **عزت مآب کلاڈیٹ ٹارڈیف (The Honourable Claudette Tardif)** کینیڈا کے ممتاز ترین وکلاء میں سے ایک ہیں اور دو زبانوں میں مہارت تحریر و تقریر اور اقلیتوں کے لسانی حقوق کی محافظ ہیں۔ البرٹا یونیورسٹی کی فیکلٹی سینٹ جین (Faculté Saint-Jean) کی ڈین (dean) کے طور پر، وہ کینیڈا اور مغربی کینیڈا میں دو زبانوں میں تعلیمی پروگراموں کا نفاذ کرنے والی پہلی فرد تھیں۔ بحیثیت کینیڈین سینیٹر، انہوں نے سپریم کورٹ کے ججوں کا دو زبانوں کے حوالے سے بِل سی - 232 پیش کیا اور *سرکاری زبانوں کے ایکٹ* کو جدید بنانے پر ایک بڑے مطالعہ کو قائم کیا۔
- کیلگری کی **سٹیلا تھامپسن (Stella Thompson)** ایک ماہر معاشیات، خواتین کیلئے وکیل اور البرٹا کی توانائی کی صنعت میں حقیقی موجد ہیں۔ وہ توانائی کی ایک بڑی کمپنی میں ایگزیکٹو بننے والی پہلی خاتون ہیں۔ بورڈ روم کی میزوں کے اردگرد ان اصلاحات کے بولے جانے سے بہت پہلے وہ کینیڈا میں گورنس کے طریقوں، تنوع کے گرد مسائل، شمولیت، ماحولیات، سماج اور گورنس کے معیارات کے بارے میں سوچنے والی رہنما بن گئیں۔
- ایڈمنٹن کے **اینگس واٹ (Angus Watt)** ایک قابل احترام کاروباری رہنما، رضا کار اور انسان دوست فرد ہیں جو صحت، سماج، تعلیم، ثقافت اور فوجی گروپس، جو اہم کمیونٹی پروگرامنگ اور خدمات فراہم کرتے ہیں، کی پائیداری کو یقینی بنا کر البرٹا کو زیادہ خیال رکھنے والا اور کامیاب بنانے کیلئے کام کرتے ہیں۔ وہ بہت سی خیراتی فاؤنڈیشنز کے قیام میں مدد کر چکے ہیں اس طرح فنڈنگ کے قابل اعتماد ذرائع اور مضبوط کمیونٹی تنظیمیں تشکیل دی ہیں۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس (Alberta Order of Excellence)

میڈیا انکوائریز

ایرین این جی (Erinne Ng)

780-919-5505
کمیونیکیشنز آفیسر، آفس آف دی لیفٹیننٹ گورنر

گیری مار(Gary Mar)

587-897-3311
چیئر، البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس کونسل

گیل اسٹینیرڈ (Gayle Stannard)

780-953-4020
ایگزیکٹو ڈائریکٹر، البرٹا آرڈر آف ایکسیلینس

یہ ریلیز حکومت البرٹا لیفٹینینٹ گورنر کی طرف سے تقسیم کر رہی ہے۔
http://www.lieutenantgovernor.ab.ca/